شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

18اکتوبر2024ء

پریس ریلیز

اسرائیل کے حماس کی اعلیٰ قیادت کوٹارگٹ کر کے شہید کرنے پر بھی مسلم ممالک کی خاموشی انتہائی شرم ناک ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): اسرائیل کے حماس کی اعلیٰ قیادت کوٹارگٹ کر کے شہید کرنے پر بھی مسلم ممالک کی خاموشی انتہائی شرم ناک ہے۔یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔انہوں نے کہا کہ اسماعیل ہنیہ کی شہادت کے صرف دو ماہ بعد حماس کے نئے سربراہ یحییٰ السنوار کو بھی ٹارگٹ کر کے شہید کر دینے سے ایک مرتبہ پھر واضح ہو گیا ہے کہ اسرائیل غزہ کو صفحۂ ہستی سے مٹانے پر تُلا ہوا ہے اور جنگ کو پھیلا کر پوری دنیا کے امن کو تباہ کرنا چاہتا ہے۔اُنہوں نے کہا کہ ایک سال سے زائد عرصہ سے جاری غزہ کے مسلمانوں کی نسل کُشی میں اسرائیل کو امریکہ، مغربی یورپ کے اکثر ممالک اور بھارت کا مکمل تعاون حاصل ہے۔جنگی مجرم نیتن یاہو اپنی تقریروں میں نہ صرف غزہ، مغربی کنارے اور مشرقی یروشلم میں بسنے والے مسلمانوں کا صفایہ کرنے کی دھمکی دے رہا ہے بلکہ واشگافِ الفاظ میں یہ اعلان دہرا رہا ہے کہ حماس کے قائدین کو دیگر ممالک میں بھی نشانہ بنایا جائے گا۔نیتن یاہو کی جانب سے ریاستی دہشت گردی کے اس کُھلم کُھلا اظہار پر مغربی ممالک میں موجود صہیونی غلام تالیاں پیٹ رہے ہیں۔امیر تنظیم نے زور دے کر کہا کہ یحییٰ السنوار کی ٹارگٹ کلنگ کے سانحہ کے بعد تمام مسلمان ممالک کو اسرائیلی درندگی اور دہشت گردی کے خلاف عملی اقدامات اُٹھانے ہوں گے۔ حقیقت یہ ہے کہ یحییٰ السنوار نے کئی ہزار فلسطینی مسلمانوں کی طرح مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت کے لیے اپنے جان کا نذرانہ پیش کر کے کامیابی حاصل کر لی ہے۔لیکن باقی امتِ مسلمہ اِس امتحان میں بُری طرح ناکام ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔امیر تنظیم نے کہا کہ اللہ اور رسول ﷺ سے بغاوت کی روش نے امتِ مسلمہ کو آج ذلیل ورسوا کر رکھا ہے۔محض نیتن یاہو کو جنگی مجرم کہہ دینے اور زبانی مذمت کر دینے سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے اسرائیلی کو ظلم اور درندگی سے روکا جا سکتا ہے۔اگر اب بھی مسلمان ممالک کے حکمران اور مقتدر حلقے فلسطینی مسلمانوں کی مدد کے لیے عملی اقدامات نہیں اٹھاتے تو دنیا کی رسوائی کے ساتھ آخرت میں بھی مجرم قرار پائیں گے۔ اللہ تعالیٰ غزہ کے مسلمانوں کی نصرت فرمائے اور امتِ مسلمہ کو غیرت ایمانی عطاء فرمائے۔آمین!

جاری کردہ
خورشید انجم
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان